OFFICE OF ADMINISTRATIVE TRIALS AND HEARINGS
Hearings Division

CITY OF NEW YORK OATH

اپیلز یونٹ

کیا مجھے اپیل کرنی چاہیئے۔

کیا فیصلہ میں:

- **حقائق کو غلط طور پر سمجھا گیا؟**
- **سماعت پر پیش کی جانے والی کسی چیز کر نظرانداز کیا گیا؟**
- **قانون کا غلط مطلب لیا گیا؟**

اگر ایسا ہوا ہے، تو آپ کو اپیل کا حق حاصل ہے۔

اپیل نئی سماعت نہیں ہوتی۔

جرمانہ ادا کرنے کے بارے میں ناخوش ہونا ہی اپیل کرنے کی وجہ نہیں بنتا

اضافی معلومات

وہ ایجنسی جس نے سمن جاری کیے ہوں، آپ کی اپیل کی مخالفت کر سکتی ہے۔ اگر وہ ایسا کرتی ہے تو وہ اپیلز یونٹ میں جو کچھ جمع کرواتی ہے وہی کچھ آپ کو بھی بھیجے گی۔ آپ ایجنسی کی اپیل کا جواب داخل کر سکتے/سکتی ہیں۔ جواب داخل کرنے کے متعلق مزید معلومات کے لیے OATH کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

اپیل کا فیصلہ ہوتے ہی اپیلز یونٹ فوری طور پر دونوں پارٹیوں کو فیصلہ بذریعہ ڈاک بھیج دے گا۔

مجھے آن لائن مدد کہاں ملے گی؟

سماعت ڈویژن کی معلومات اور اپیلز یونٹ کے فارم www.nyc.gov/oath پر مل سکتے ہیں۔

CITY OF NEW YORK
OATH
OFFICE OF ADMINISTRATIVE TRIALS AND HEARINGS

سماعت کی ریکارڈنگ حاصل کرنے کے لیے کیسے درخواست کی جائے

اگر آپ اپیل تحریر کرنے سے قبل اپنی سماعت کی ریکارڈنگ سننا چاہتے/چاہتی ہیں، تو ایک فارم جسے "درخواست برائے توسیع اپیل اور/یا سماعت کی ریکارڈنگ" کہا جاتا ہے، حاصل کرنے کے لیے OATH کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔ ریکارڈنگ کی نقل حاصل کرنے کے لیے آپ کو یہ فارم استعمال کرنا ہو گا۔



OATH
Health and Restaurant Hearings

OFFICE OF ADMINISTRATIVE TRIALS AND HEARINGS
Hearings Division

Appeals Unit
66 John St., 11th Floor
New York, NY 10038

REQUEST FOR APPEAL EXTENSIONS AND HEARING RECORDINGS

YOU MAY USE THIS FORM TO REQUEST:
- MORE TIME TO APPEAL; OR
- THE AUDIO RECORDING OF THE HEARING IN ORDER TO REVIEW BEFORE APPEALING.

MAIL THE COMPLETED FORM TO:
- THE OATH HEARINGS DIVISION AT THE ADDRESS ABOVE; AND
- THE ENFORCEMENT AGENCY RESPONSIBLE FOR THE VIOLATION.

(درخواست فارم کا بالائی حصہ)

- اگر درخواست قبول ہو جاتی ہے، تو آپ کو ریکارڈنگ موصول ہونے کے بعد اپیل دائر کرنے کے لیے مزید 30 دن کا وقت ملے گا۔
- اگر اپیل داخل کرنے سے قبل آپ کو جرمانہ ادا کرنے کی ضرورت ہوئی، تو توسیع کے لیے درخواست دینے سے آپ کو جرمانہ ادا کرنے کے لیے مزید وقت **نہیں** ملتا۔

اپیل داخل کرنے کے طریقے

آن لائن اپیل داخل کریں

سماعت ڈویژن کے فیصلے کے خلاف اپیل کرنے کا سب سے آسان طریقہ آن لائن طریقے سے ایسا کرنا ہے۔

اگر آپ اپنی اپیل آن لائن داخل نہیں کرتے/کرتی ہیں، تو بذریعہ ڈاک اپیل داخل کرنے کے لیے آپ کو اضافی اقدامات کرنا ہوں گے۔

آپ کو آن لائن اپیل فیصلے کی تاریخ کے 30 دن کے اندر داخل کرنا لازم ہے (یا اگر فیصلہ آپ کو بذریعہ ڈاک بھیجا گیا تھا تو اس کے 35 دن کے اندر)۔



APPEAL APPLICATION

Use this form for your appeal. Please read the instructions carefully.
When you have completed the application, click the Submit button at the end of the form to finalize the e-form.
When prompted either:

- **Choose to have the e-form automatically attached to an email and send it using your Microsoft Outlook or computer's Mail program; *or***
- **Choose to save the e-form, then attach it to an email and send the form to both email addresses listed in the pop-up message.**

Please note that Google Chrome and Mozilla Firefox internet browsers currently do not support this type of form. If you opened the form using Google Chrome or Mozilla Firefox, either access the form using another internet browser, such as Internet Explorer, or follow these directions to open the form when using Google Chrome and Mozilla Firefox.

Date

www.nyc.gov/oath

آن لائن اپیل داخل کرنے اور درخواست بذریعہ ای میل جمع کروانے کے لیے، براہ کرم www.nyc.gov/oath پر OATH کی ویب سائٹ کا سماعت ڈویژن کا سیکشن ملاحظہ کریں۔

بذریعہ ڈاک اپیل داخل کریں

آپ کو <u>لازمی طور پر</u> سماعت ڈویژن کا اپیل درخواست فارم استعمال کرنا ہو گا

یہ فارم OATH کی ویب سائٹ پر موجود ہے اور OATH سماعتی مراکز پر دستیاب ہے۔

اپیل داخل کرنے کے لیے درکار اقدامات

مرحلہ 1: حتمی تاریخیں

سماعت ڈویژن کو آپ کی اپیل کی درخواست، اگر آپ کو فیصلہ دستی طور پر دیا گیا تھا تو اس کے 30 دن کے اندر اور اگر فیصلہ بذریعہ ڈاک بھیجا گیا تھا تو اس کے 35 دن کے اندر، لازمی طور پر موصول ہو جانی چاہیے۔



DEPARTMENT OF HEALTH & MENTAL HYGIENE, -against-	Docket No.: 04360-15F0
	Decision Date: 6/1/2015
	Hearing Officer:
	Respondent's Rep.:
SUBWAY BEACH CAFE LLC 1613 ORIENTAL BOULEVARD, Brooklyn,NY 11235	Petitioner's Rep.:
	Type of Hearing: In Person

(سماعت ڈویژن کی درخواست کا بالائی حصہ)

مرحلہ 2: ادائیگی

زیادہ تر کیسوں میں آپ کو اپیل سے قبل جرمانے کی ادائیگی کرنا ہوتی ہے۔ OATH پیشگی ادائیگی کی شرط ختم کر دیتا ہے اگر آپ یہ دکھا سکیں کہ اپنے کیس میں اپیل کے فیصلے کے انتظار کے دوران جرمانے کی ادائیگی، آپ کے لیے مالی مشکل کا باعث ہے۔ ادائیگی اور بوجہ مالی مشکلات پیشگی ادائیگی کی شرط کے خاتمے کے متعلق مزید معلومات کے لیے OATH اپیل درخواست فارم میں دی گئی ہدایات ملاحظہ کریں۔

OATH — OFFICE OF ADMINISTRATIVE TRIALS AND HEARINGS
Hearings Division

Appeals Unit
66 John St., 10th Floor
New York, NY 10038

APPEAL APPLICATION

This form MUST be used to appeal. Please read the instructions carefully. Mail the completed form and any supporting documents to the address above. Please attach a copy of the hearing decision.

Information About the Summons(es)/Notice(s) and the Person Completing This Form

If a representative is listed, the Hearings Division will mail the decision on the appeal to the representative at the representative's address. If a representative is not listed, the Hearings Division will mail the decision to the address listed below.

اپیل کی درخواست کا بالائی حصہ

مرحلہ 3: وضاحت کریں

اپیل درخواست فارم کے سامنے والے حصے میں اس امر کی وضاحت کریں کہ فیصلہ کیوں غلط ہے۔



This Is Why The Decision Is Wrong

You have to show that the hearing decision was based either on facts that were incorrect or an error in applying the law, or both. You may only rely on facts, evidence, and arguments that were used at the hearing. The Appeals Unit will not consider new facts, evidence, or arguments in deciding your appeal.

(اپیل کی درخواست کا پہلا صفحہ)

مرحلہ 4: تعمیل کریں اور داخل کریں

آن لائن اپیل داخل کریں

1. جب آپ درخواست مکمل کر لیں، تو ای-فارم کو حتمی شکل دینے کے لیے فارم کے آخر میں موجود درست بٹن پر کلک کریں۔
2. جب پرامپٹ کیا جائے تو ان میں سے کسی ایک کا انتخاب کریں:
   - ای-فارم کو آٹومیٹک طریقے سے ای میل کے ساتھ منسلک کروائیں اور اسے مائیکروسافٹ آؤٹ لک یا کمپیوٹر کے ای میل پروگرام کے ذریعے بھیجیں؛ یا
   - ای-فارم کو محفوظ کریں، پھر ای میل کے ساتھ منسلک کریں اور پاپ اپ پیغام میں دیئے گئے **دونوں** پتوں پر فارم بھیج دیں۔

بذریعہ ڈاک اپیل داخل کریں

1. اپنی مکمل کردہ اپیل کی ایک عدد نقل خلاف ورزی کے لیے ذمہ دار ایجنسی کو بھیجیں۔ یہ نقل ایجنسی کو جواب دینے کا ایک موقع فراہم کرے گی۔ ایجنسی کا پتہ آپ اپیل درخواست فارم کی پشت پر تلاش کر سکتے/سکتی ہیں۔
2. سماعت ڈویژن کو اس بات کا ثبوت بھیجیں کہ خلاف ورزی کے لیے ذمہ دار ایجنسی کو بھی اپیل کی ایک عدد نقل بھجوائی گئی ہے۔ ایسا کرنے کے لیے خانے پر ٹک کا نشان لگائیں اور اپیل درخواست فارم کے صفحہ نمبر دو پر موجود تصدیقی بیان کو مکمل کریں۔